# فہرست


| | |
|---|---|
| معراج کب واقع ہوئی | 13 |
| مولا علیؑ کی زیارت کرنا | 13 |
| رسول اللہ کا آسمان کی طرف جانا | 14 |
| صورت علیؑ پانچویں آسمان پر | 17 |
| یارب میرے لیے کیا ہے؟ | 18 |
| تیرا رب صلوٰۃ پڑھ رہا ہے | 20 |
| آذانِ جبرائیلؑ اور نمازِ پیغمبرؐ | 21 |
| اللہ کا وقی | 21 |
| مسجدِ کوفان | 22 |
| نافع کا سوال اور امام کا جواب | 22 |
| رسول اللہ ﷺ کا معراج کا حال بتانا | 25 |
| بُراق کی صورت | 26 |
| اہلِ قم کی فضیلت | 26 |
| وہ ہمارا شیعہ نہیں ہے | 27 |
| منکرِ معراج منکرِ رسول اللہ ﷺ | 27 |
| حقیقی مومن | 27 |
| مسجدِ کوفہ | 28 |
| ہر آسمان پر مولا علیؑ کا قصر | 28 |
| بیٹی سے پیار | 33 |
| براق کے بارے میں یہودیوں کو جواب | 33 |
| قیامت کے دن براق پر سوار ہونا | 34 |
| براق کی کنیت | 35 |
| بیت المقدس پر کیسے پہنچے | 35 |
| تاریخ | 37 |
| آپؐ نے معراج کی رات کیا دیکھا | 37 |
| جنت کی حور | 56 |
| رسول ﷺ نے معراج میں کیا دیکھا (دوسری روایت) | 57 |
| قریش کا بیان | 61 |
| جبرائیلؑ، براق اور معراج محمد ﷺ | 63 |
| امام المسلمین و امیر المومنینؑ | 65 |
| نور کی نہر | 66 |
| ہدایت کا پرچم اور امام الاولیاءؑ | 67 |
| میں نے دل سے دیکھا | 68 |
| ہمارے شیعہ کون ہیں | 69 |
| فضائل علیؑ | 69 |
| پھر زندگی بھر نہ ہنسے | 70 |
| اللہ نے کیا ندا دی | 71 |
| یاقوتِ احمر کا محل | 73 |
| علیؑ کے حق میں وحی | 74 |
| چھٹے آسمان پر نماز پڑھنا | 74 |
| کامیاب ہونے والا | 76 |
| تمام اہلِ ایمان سے علیؑ کا ایمان وزنی | 77 |
| افضل مخلوق | 78 |
| خدا اور وصف | 82 |
| نمازوں کا بیان | 83 |


Presented by Ziaraat.Com

| | | | |
|---|---|---|---|
| اللہ تعالیٰ مکان سے بے نیاز ہے | 83 | علیؑ کا نور اور فرشتہ | 118 |
| پچاس نمازیں | 84 | علیؑ کے لہجے میں گفتگو | 119 |
| ایک سوال کا جواب | 87 | ولایتِ علیؑ کی وصیت | 119 |
| بتول سلام اللہ علیہا سے محبت | 87 | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مولا علیؑ | 119 |
| عورتوں کو عذاب میں دیکھ کر | 88 | کو بتایا | |
| رو پڑے | | روداد معراج | 122 |
| بیٹیوں کی پریشانی | 90 | ایک آیت کی تفسیر | 127 |
| موت کا فرشتہ | 91 | سدرۃ المنتہیٰ | 129 |
| فرشتہ علیؑ کی صورت | 92 | فضائل علیؑ | 132 |
| میثاق | 92 | جنتی درخت | 135 |
| انبیاء اور اقرارِ ولایت | 102 | مولا علیؑ کی تین فضیلتیں | 136 |
| شجرۂ طوبیٰ | 103 | آدمیوں کا احترام | 138 |
| فرمانِ خدا کی تفسیر | 103 | علیؑ تجھے میں نے سات مقامات | 139 |
| نمازِ جہر و اخفات | 106 | پر اپنے ساتھ پایا | |
| نماز کی ترتیب | 107 | مولا علیؑ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 139 |
| نورِ عظمت | 108 | کے ساتھ | |
| علتِ تکبیر و تسبیح | 109 | ابلیس | 140 |
| مسجدِ شجرہ میں احرام باندھنا | 110 | ایک مچھلی | 141 |
| مولا علیؑ کی پانچ فضیلتیں | 110 | پچاس نمازوں کا ثواب | 141 |
| علیؑ اوّل، علیؑ آخر | 116 | مولا علیؑ کے ذریعے تائید و نصرت | 142 |
| افضل مساجد | 117 | مولاؑ کے لیے وصیت | 143 |
| اللہ کی صلوٰۃ | 117 | راضیۃ مرضیۃ | 143 |


Presented by Ziaraat.Com

# معراج کب واقع ہوئی؟

صاحب منتقیٰ کا بیان ہے کہ واقدی کا کہنا ہے کہ ہجرت سے آٹھ مہینے پہلے نبوت کے دوسرے سال معراج کا واقعہ ہوا، بعض کہتے ہیں کہ ہجرت سے ایک سال پہلے سترہ ربیع الاول کوئی معراج ہوئی، بعض کا کہنا ہے کہ سترہ رجب کو ہوئی اور بعض کہتے ہیں کہ ہجرت سے ایک سال دو مہینے پہلے 53 عام الفیل کو ہوئی۔

سید ابن طاوسؒ کا بیان ہے کہ آپؐ کو معراج سترہ ربیع الاول کو ہوئی۔ [1]

# مولا علیؑ کی زیارت کرنا

حسن بن سلیمان نے اپنی کتاب المختصر میں محمد بن عباس بن مروان کی کتاب سے ایک روایت نقل کی ہے جس میں اس نے احمد بن ہوزہ ابراہیم بن اسحاق عبداللہ بن حماد ابن بکیر اور حمران سے روایت نقل کی ہے اس کا بیان ہے کہ میں نے امام محمد باقرؑ سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں سوال کیا۔

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی ﴿۸﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰی ﴿۹﴾

امامؑ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی حضرت محمدؐ کو قریب کیا یہاں تک کہ دوریاں ختم ہوگئیں پھر آپؐ نے ایک فرش دیکھا جو سونے سے بنا ہوا تھا وہاں ایک صورت دیکھی۔

[1] (اقبال صفحہ۔601)

Presented by Ziaraat.Com

ارشاد ہوا: یا محمدؐ! کیا آپ اس صورت کو پہچانتے ہیں؟

آپؐ نے فرمایا: ہاں! یہ صورت علیؑ ابن ابی طالبؑ کی ہے۔

(آپؐ فرماتے ہیں) پس پھر اللہ نے میری طرف وحی فرمائی کہ میں علیؑ کا نکاح فاطمہؑ سے قرار دیا اور علیؑ کو اپنا ولی قرار دو۔ [۳]

# رسول خداؐ کا آسمان کی طرف جانا

ابن بابویہ کی کتاب المعراج میں بسند معتبر امام محمد باقرؑ سے روایت ہے کہ جب آنحضرتؐ معراج کے لئے تشریف لے گئے تو حضرتؐ کو یاقوت سرخ کے ایک تخت پر بیٹھایا گیا جو سبز زبرجد سے مرصع کیا گیا تھا اور فرشتے اس تخت کو آسمان پر لے گئے وہاں پر حضرت جبرئیلؑ نے کہا: یا رسول اللہؐ! اذان کہیے۔

آپؐ نے فرمایا:

اللہ اکبر

اس کے بعد ملائکہ نے بھی کہا:

اللہ اکبر

پھر آپ نے فرمایا:

اشھد ان لا الہ الا اللہ

میں گواہی دیتا ہوں کے اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں

فرشتوں نے بھی کہا:

اشھد ان لا الہ الا اللہ

---

[۳] (کتاب المحتضر صفحہ-125)

Presented by Ziaraat.Com

حضرتؑ نے عرض کی خدا بہتر جانتا ہے۔ ارشاد ہوا کہ علیؑ بن ابی طالبؑ امیر المومنین، مسلمانوں کے سردار، نورانی چہرہ والوں کے پیشوا کو مقرر کرو۔

پھر جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابو بصیر سے فرمایا اے ابو محمد! خدا کی قسم! کہ علیؑ بن ابی طالبؑ علیہ السلام کی امامت کا حکم آسمانی ہے، خود خداوند کائنات نے بغیر کسی ملک کے واسطہ سے اپنے پیغمبرؐ سے فرمایا: [1]

## اذان جبرئیلؑ اور نماز پیغمبرؐ

امام محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ جناب رسالتمآبؐ آسمانوں کی طرف گئے اور بیت المعمور پر پہنچے تو نماز کا وقت آن پہنچا حضرت جبرئیلؑ نے اذان واقامت کہی اس کے بعد رسول خداؐ آگے کھڑے ہوئے اور ملائکہ وتمام انبیاء نے آپؐ کے پیچھے صف بندی کی۔ [2]

## اللہ کا ولی

امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ رسول خداؐ نے ارشاد فرمایا: جب میرے رب نے مجھے معراج کی سعادت عطا فرمائی تو پردے کے پیچھے سے مجھ پر وحی نازل کی جو بھی وحی تھی یہاں تک ارشاد فرمایا: اے محمدؐ! جس نے مجھے میرے ولی کی وجہ سے غضبناک کیا اس نے مجھ سے جنگ کی جو مجھ سے جنگ کرتا ہے میں

---

[1] موئف فرماتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ دو مرتبہ مکہ میں معراج ہوئی ہو اور باقی ایک سو بیس مرتبہ مدینہ میں واقع ہوتی ہو یا عرش پر معراج دو مرتبہ ہوئی باقی صرف آسمانوں تک ہوئی ہو یا دو مرتبہ جسمانی ہوئی ہو باقی روحانی، واللہ اعلم۔ الخ (اصول کافی جلد 1، باب، مولد النبی۔ ج۔ 13۔ صفحہ۔ 405)

[2] (اصول کافی جلد ۳ باب 184 حدیث ۱ 154)

Presented by Ziaraat.Com

بھی اس سے جنگ کرتا ہوں۔

(رسول خداؐ فرماتے ہیں) میں نے کہا: اے پالنے والے تیرا ولی کون ہے تا کہ مجھے بھی علم ہو اور میں بھی اس سے جنگ کرو۔ جو اسکے ساتھ جنگ کرے۔ خدا نے ارشاد فرمایا: وہ وہ ہے کہ جو تیرے اور تیرے وصی کے ساتھ کئے گئے وعدے کو پورا کرے اور تم دونوں کی ذریت کی ولایت کا قرار دے۔ [۳]

## مسجد کوفان

حضرت صادق آل محمدؑ سے مروی ہے کہ جب آپؐ کو معراج کرآئی گئی تو ایک مقام پر جبرئیلؑ نے کہا: یارسول اللہ! کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ اس وقت کہاں پر ہیں؟ اس وقت آپ مسجد کوفان کے مقابل ہیں، آپؐ نے فرمایا، میں اپنے رب سے اجازت لیتا ہوں کہ اس مسجد میں دو رکعت نماز ادا کروں،

پس رسول خداؐ نے اجازت مانگی اور اللہ نے اجازت دے دی۔ [۴]

## نافع کا سوال اور امامؑ کا جواب

ابوربیع سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے اس سال حضرت امام محمد باقرؑ کے ساتھ حج کیا جس سال ہشام بن عبدالملک نے حج کیا اس کے ساتھ عمر بن خطاب کا غلام نافع بھی تھا۔ رکن البیت پر نافع کی نظر امامؑ محمد باقرؑ پر پڑی، کافی سارے لوگ جمع تھے۔

---

[۳] (اصول کافی جلد باب من اذی المسلمین حدیث 10 513)

[۴] (تہذیب الاحکام جلد 3 باب 25 حدیث 8 574)

Presented by Ziaraat.Com

نافع نے کہا: یا امیر المومنینؑ یہ کون ہیں جن کے گرد لوگ جمع ہیں؟

ہشام نے کہا: یہ اہل کوفہ کے نبی ہیں ان کا نام محمدؑ بن علیؑ ہے۔

نافع نے کہا: آپ ذرا غور فرمائیں میں ان کے پاس جا کر ایسے سوال کرتا ہوں جن کا جواب سوائے نبیؐ کے یا وصی اور یا نبیؐ کے بیٹے کے کوئی نہیں دے سکتا۔

ہشام نے کہا: جاؤ پھر ان کے پاس اور سوال کرو ہو سکتا ہے کہ تو کامیاب ہو جائے۔

پس نافع آیا اور لوگوں کے ہجوم کو چیرتا ہوا امامؑ کے سامنے پہنچا اور کہا: یا محمدؑ ابن علیؑ! میں نے تورات، انجیل، زبور اور قرآن کو پڑھا ہے اور میں ان کے حلال وحرام سے بھی واقف ہوں، میں آپؑ کے پاس اس لیے آیا ہوں کہ آپ سے چند ایسے سوال کروں جن کا جواب سوائے نبیؐ یا وصی اور یا نبیؐ کی اولاد کے اور کوئی نہیں دے سکتا۔

امامؑ نے اپنا سر بلند کیا اور فرمایا: پوچھو جو پوچھنا چاہتے ہو۔

اس نے کہا: آپؑ مجھے یہ بتائیں کہ حضرت عیسیٰؑ اور حضرت محمدؐ کے درمیان کتنے سال کا فاصلہ ہے؟

امامؑ نے فرمایا: اپنے مطابق بتاؤں یا تیرے مطابق؟

اس نے کہا: آپؑ نے دونوں طرح سے بتادیں۔

امامؑ نے فرمایا: میرے نزدیک پانچ سو سال ہیں اور تیرے نزدیک چھ سو سال۔

اس نے کہا مجھے خدا کے اس قول کی تفسیر سے آگاہ فرمائیے۔

Presented by Ziaraat.Com

دروازے تھے۔ جو سبز استبرق کے تھے۔ میں نے کہا: اے جبرئیلؑ یہ قبہ کیسا ہے؟ جبرائیلؑ نے کہا کہ ایک شہر کی تصویر ہے جس کو قم کہتے ہیں۔ خدا کے مومن بندے وہاں جمع ہوں گے اور جناب رسول خداؐ کی شفاعت کے لیے قیامت کا انتظار کریں گے اور ان کو غم واندوہ وغیرہ پہنچیں گے۔

راوی نے امامؑ سے پوچھا کہ ان کو تکلیفوں سے نجات کب ہوگی؟

فرمایا جبکہ پانی زمین سے ان کے لیے ظاہر ہوگا۔ [۱]

## وہ ہمارا شیعہ نہیں ہے

ابن بابویہ نے بسند معتبر حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے۔ حضرتؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص ان چار چیزوں یعنی معراج۔ قبر میں سوال منکر ونکیر بہشت ودوزخ کے وجود اور شفاعت سے انکار کرے وہ ہمارے شیعوں میں نہیں ہے۔ [۲]

## منکر معراج منکر رسولؐ

امام رضاؑ سے مروی ہے آپؑ نے ارشاد فرمایا: جس نے معراج کا انکار کیا وہ ایسے ہے جیسے اس نے رسولؐ خدا کا انکار کیا صفات الشیعہ شیخ صدوق صفحہ 244

## حقیقی مومن

فضل بن شاذان نے امام رضاؑ سے روایت نقل کی ہے امامؑ ارشاد فرماتے ہیں: جس نے اللہ تعالیٰ کی توحید کا اقرار کیا معراج پر ایمان لایا قبر میں سوال

[۱] اختصاص مفید صفحہ-101

[۲] صفات الشیعہ شیخ صدوق صفحہ-244

Presented by Ziaraat.Com

بڑا اور خچر سے چھوٹا۔ اس کی زین یاقوت کی، رکاب مروارید کی ہے۔ سونے کی ستر ہزار لگام رکھتا ہے۔ اس کے دو پر ہیں جو موتی یاقوت اور طرح طرح کے جواہرات سے مرصع ہیں۔ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہے۔

لا اله الا الله وحده لا شریك له محمد رسول الله

تحریر ہے۔ وہ تمام حیوانوں سے خوش رنگ ہے اگر خدا اس کو اجازت دے دے تو ایک قدم میں دنیا و آخرت کو طے کر لے۔ [۲]

امام رضاؑ سے مروی ہے کہ رسول اللہ نے ارشا فرمایا: اللہ نے میرے لیے براق کو مسخر کیا۔ وہ جنت کے چوپائیوں میں سے ایک ہے نہ اتنا چھوٹا ہے اور نہ اتنا بڑا اگر اللہ اسے اذن دے تو وہ تمام دنیا سے بھی بڑا ہو جائے اس کا رخ بہت خوبصورت ہے۔ [۳]

## قیامت کے دن براق پر سوار ہونا

ابن عباس سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا نے ارشاد فرمایا: قیامت والے دن ہمارے علاوہ کوئی بھی سواری پر نہیں ہوگا اور چار نفر ہوں گے عباس بن عبد المطلبؓ کھڑے ہوئے اور کہا: یا رسول اللہؐ! وہ کون کون ہیں؟

آپ نے فرمایا: ان میں سے ایک تو میں ہوں۔ میں براق پر ہوں گا۔

جس کا چہرہ انسان کی صورت کے مانند ہے، رنگ گھوڑے کے رنگ کی طرح اس کے پروں میں مروارید ٹنکے ہوئے ہیں اس کے کان زبرجد سے بنے

[۲] احتجاج طبرسی صفحہ۔ 49

[۳] عیون اخبار الرضاؑ جلد ۲ باب ۳۱ حدیث ۲۹ صفحہ۔ ۳۵۔

Presented by Ziaraat.Com

کے برتنوں میں پانی موجود تھا اور ان کا ایک اونٹ گم ہو چکا تھا، وہ سب اس کو تلاش کر رہے تھے، رسول خداؐ نے ان کے برتنوں میں سے کچھ پانی پیا اور باقی سارا پانی گرا دیا، جب صبح کا وقت ہوا تو رسول خداؐ نے سارا واقعہ قریش کے لیے بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے گزشتہ رات مجھے بیت المقدس تک سیر کروائی اور مجھے گزشتہ انبیاء کے آثار اور ان کی منازل دکھائیں، واپسی پر میں قریش کے ایک ایسے قافلہ کے قریب سے فلاں مقام پر گزرا ہوں، جو اپنا اونٹ گم کر چکے تھے، میں نے ان کے پانی کے برتن سے پانی پیا اور باقی تمام پانی میں نے گرا دیا تھا، ابوجہل نے قریش والوں سے کہا کہ اب تمہارے ہاتھ اچھا موقع آیا ہے، اس سے بیت المقدس کے ستونوں اور قندیلوں کے بارے میں سوال کرو۔

انہوں نے کہا: اے محمدؐ! ہمارے درمیان کچھ لوگ ایسے بھی موجود ہیں جو بیت المقدس کے اندر بھی داخل ہوئے ہیں اور آپ بتائیں کہ بیت المقدس کے ستون کتنے ہیں، قندیلیں کتنی ہیں اور اس کے محرابوں کے بارے میں بیان کریں۔ پس جناب جبرئیلؑ تشریف لائے تو انہوں نے بیت المقدس کی تصویر حضور کے سامنے پیش کر دی اور آپ کے لیے سب کچھ بیان کر دیا، رسول خدا نے انہیں بتا دیا۔

قریش والوں نے کہا: ہم اس کاروان کے آنے کا انتظار کریں گے اور جو کچھ آپ نے کہا ہے اس کے بارے میں سوال کریں گے۔

رسولؐ خدا نے کہا: میری بات سچ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ وہ قافلہ صبح طلوع آفتاب کے وقت یہاں پر پہنچے گا۔ ان کے آگے آگے ایک سفید رنگ کا اونٹ ہوگا اگلے دن وہ سارے کے سارے قافلے کے راستے پہنچ گئے اور انتظار

Presented by Ziaraat.Com

کہ حضرتؐ نے فرمایا تھا۔ قافلہ والوں نے جیسا کہ حضرتؐ نے ان کے متعلق فرمایا تھا بیان کیا لیکن اس معجزہ کے دیکھنے کے بعد ان کی سرکشی اور ضلالت اور زیادہ ہوگئی۔ [1]

## امام المسلمینؑ وامیر المومنینؑ

بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا نے مولا علیؑ سے ارشاد فرمایا: یا علیؑ! آپ امیر المسلمین، امیر المومنین اور سفید پیشانی والوں کے قائد، آپ سید الوصیین ہیں، اور سید النبیین کے اور میرے بعد اللہ کی ساری مخلوقات پر اللہ کی حجت ہیں۔ یا علیؑ! معراج کی رات جب مجھے ساتویں آسمان سے سدرۃ المنتہیٰ تک، پھر وہاں سے نور کے حجابوں تک لے جایا گیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے عزت بخشی اور فرمایا: اے محمدؐ! میں نے کہا: اے میرے رب! میں حاضر ہوں۔ اللہ نے فرمایا: بیشک علیؑ میرے ولیوں کا امام ہے۔ میری اطاعت کرنے والوں کے لیے نور ہے اور وہ ایسا کلمہ ہے جس کو میں نے متقین پر لازم قرار دیا ہے۔ جو اس کی اطاعت کرے گا اس نے میری اطاعت کی اور جس نے اس کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔ (اے محمدؐ!) آپ اس فضیلت کی بشارت اس (علیؑ) کو دے دیں۔

مولا علیؑ نے فرمایا: یارسول اللہؐ مجھے میرا مقام بتائیں۔ رسول اللہؐ نے فرمایا: ہاں یا علیؑ! پس آپ اللہ کا سر ہیں مولا علیؑ نے شکر کا سجدہ ادا کیا۔ پھر رسولؐ نے فرمایا: یا علیؑ! اپنا سر بلند کرو بیشک خدا آپ کی وجہ سے ملائکہ پر

---

[1] تفسیر قمی جلد ا صفحہ ۴۰۴

Presented by Ziaraat.Com

بیشک میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی نہیں امام، السلام۔ مومن صالح، عزیز، جبار، مہتبر رؤف اور رحیم ہوں۔ رسولؐ نے فرماتے ہیں کہ میں نے خدا کو دل کی آنکھوں سے دیکھا۔ [1]

## ہمارے شیعہ کون ہیں؟

امام جعفر صادقؑ نے ارشاد فرمایا جو تین چیزوں کا انکار کرے وہ ہمارا شیعہ نہیں ہے۔ (۱) المعراج (۲)۔ قبر میں سوالات (۳)۔ شفاعت۔ [2]

## فضائل علیؑ علیہ السلام

رسول خداؐ نے ارشاد فرمایا شب معراج اللہ تعالیٰ نے علیؑ کے بارے میں مجھ سے تین کلمات کا عہد لیا اللہ نے فرمایا یا محمدؐ!

میں نے کہا؟ لبیک اے میرے رب!

فرمایا: بیشک علیؑ متقین کے امام ہیں سفید پیشانیوں والوں کے قائد اور یعسوب المومنین ہیں۔ [3]

رسول خداؐ نے ارشاد فرمایا: شب معراج جب مجھے آسمانوں کی طرف لے جایا گیا تو میرے رب نے مجھ سے گفتگو فرمائی۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یا محمدؐ!

میں نے کہا: لبیک اے میرے رب!

---

[1] احتجاج۔48

[2] امالی صدوق مجلس 49۔حدیث 5 صفحہ۔242

[3] امالی صدوق مجلس 72۔حدیث صفحہ۔385۔

Presented by Ziaraat.Com

فرمایا: بیشک علیؑ آپؐ کے بعد میرے مخلوق پر میری حجت ہے میرے اطاعت کرنے والوں کے امام ہیں۔ جس نے انکی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی جس نے ان کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی پس آپ ان کو اپنی امت کے لیے علم قرار دیں تاکہ آپؐ کے بعد وہ ان سے ہدایت حاصل کرتے رہیں۔ [14]

سلیمان جعفی نے امام جعفر صادق سے روایت نقل کی ہے۔ امامؑ نے ارشاد فرمایا کہ جب رسول خدا معراج پر تشریف لے گئے اور جہاں خدا نے چاہا وہاں تک تشریف لے گئے اور پروردگار نے آپ کے ساتھ مناجات کیں۔ جب آپ چوتھے آسمان پر واپس آئے تو خدا کی طرف سے آواز آئی: اے محمدؐ! آپؐ نے عرض کی: لبیک میرے رب۔

خدا نے فرمایا: آپ نے اپنی امت میں سے کس کو چنا ہے تاکہ وہ آپؐ کے بعد آپ کا خلیفہ ہو؟

آپؐ نے عرض کی: میرے اللہ! میرے لیے کسی کا انتخاب فرما، کیونکہ اس کا اختیار صرف تیرے پاس ہے۔

آواز قدرت آئی اے محمد! میں نے تیرے لیے علیؑ کو چنا ہے کیونکہ علیؑ آپؐ کے لیے ہے۔ [15]

## پھر زندگی بھر نہ ہنسے

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ: رسول خداؐ نے فرمایا: جب میں

---

[14] امالی صدوق مجلس 72۔ حدیث 27 صفحہ۔ 387

[15] امالی شیخ صدوق مجلس۔ 86۔ حدیث 16 صفحہ۔ 474

Presented by Ziaraat.Com

معراج پر گیا تو جس مخلوق کے قریب سے بھی گزرا ان کو خوش وخرم اور مسرور دیکھا۔ یہاں تک کہ میں ایک مخلوق خدا کے پاس سے گزرا اس کو خوش وخرم نہ پایا۔ میں نے حضرت جبرائیلؑ سے سوال کیا: اے جبرائیلؑ! میں جس مخلوق کے قریب سے بھی گزرا ہوں، اس کو خوش وخرم ومسرور پایا ہے سوائے اس مخلوق کے۔ یہ کون ہے؟

انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ ملک خازن جہنم ہے، خدا نے اس کو اسی طرح خلق کیا ہے۔

آپؐ نے فرمایا: اے جبرائیلؑ! اس سے کہو کہ میں دوزخ کو دیکھنا چاہتا ہوں۔

جبرائیلؑ نے اس فرشتے سے کہا: یہ محمدؐ رسول اللہ ہیں انہوں نے مجھ سے کہا ہے کہ میں تجھ سے سفارش کروں کہ دوزخ کا معائنہ کروائیں۔

پس اس نے جہنم کا ایک ڈھکنا اٹھایا جب سے میں نے اس کو دیکھا ہے اس کے بعد پوری زندگی ہنسا نہیں ہوں۔ [1]

## اللہ نے کیا نداء دی

عبداللہ بن عباس بیان کرتے ہیں کہ رسولؐ خدا نے ارشاد فرمایا: جب مجھے معراج پر لے جایا گیا اور ساتویں آسمان پر گیا اور وہاں سے سدرۃ المنتہیٰ تک گیا۔ اور پھر سدرۃ المنتہیٰ سے نور کے حجابوں (پردے) تک لے جایا گیا۔ وہاں میرے رب جل جلالہ نے مجھے آواز دی: اے محمدؐ! آپ میرے بندے اور میں آپ کا رب ہوں آپ فقط میرے سامنے تواضع (انکساری) کرو اور فقط میری عبادت کرو اور میرے اوپر توکل کرو اور میرے اوپر ہی اعتماد کرو اور میں آپ سے

[1] امالی شیخ صدوق مجلس۔87۔حدیث۔6 صفحہ۔480

Presented by Ziaraat.Com

اس پر راضی ہوں اس پر کہ آپ میرے بندے میرے حبیب ورسول اور نبی ہیں اور آپ کا بھائی علیؑ کے خلیفہ اور باب ہونے کو میں پسند کرتا ہوں۔ پس علیؑ میرے بندوں پر میری طرف سے حجت اور میری مخلوق کا امام ان کے سبب میرے دوستوں کو میرے دشمنوں سے پہچانا جائے گا۔ اور ان کے سبب ہی شیطانی جماعت کو میری جماعت سے الگ پہچانا جائے گا۔ اور ان کی وجہ سے میرا دین قائم رہے گا۔ اور میری حدود کی حفاظت ہوگی۔ اور میرے احکام نافذ ہوں گے آپ کے اور ان کے اور ان کی اولاد میں سے دوسرے آئمہؑ کے سبب میں اپنے بندوں اور کنیزوں پر رحم کروں گا اور تم میں سے جو القائمؑ (یعنی امام زمانہ) ہیں ان کی وجہ سے میں اپنی زمین کو اپنی تسبیح، تہلیل، تقدس، اپنی تکبیر اور تمجید کے لیے آباد رکھوں گا اور ان کے سبب زمین اپنے دشمنوں سے پاک کروں گا اور اس زمین کو اپنے اولیاء کی میراث قرار دوں گا اور ان کے سبب کفر کے کلمہ کو پست اور اپنے کلمہ کو بلند کروں گا اور ان کے سبب اپنے بندوں اور اپنے شہروں کو زندہ و آباد رکھوں گا اور ان کے لیے اپنے تمام خزائن اور ذخیروں کو ظاہر کروں گا اور انکو اپنے ارادہ سے تمام اسرار اور رموز سے آگاہ کروں اور اپنے فرشتوں کے ذریعے ان کی مدد کروں گا تا کہ میرے احکام کے نفاذ میں ان کی مدد کریں اور تائید کریں اور میرے دین کا اعلان ان سے ہی ہوگا۔ وہ میرے حقیقی ولی ہے وہ میرے بندوں کو سچائی کے ساتھ ہدایت کریں گے۔ [۴]

---

[۴] امالی شیخ صدوق مجلس۔92۔حدیث۔4 صفحہ۔504

Presented by Ziaraat.Com

# یاقوت احمر کا محل

امیرالمومنینؑ سے مروی ہے کہ رسول خداؐ نے ارشاد فرمایا:

معراج کی رات جب میں جنت میں داخل ہوا تو وہاں میں نے یاقوت سرخ سے بنا ہوا ایک محل دیکھا جس کا باطن اس کے ظاہر سے زیادہ نورانی تھا میں نے کہا: اے جبرئیلؑ یہ محل کس کا ہے؟

انہوں نے کہا: یہ اس کے لیے جس کی کلام پاک ہے جو ہمیشہ روزے سے رہتا ہے، کھانا کھلاتا ہے اور جب سارے لوگ سوتے ہیں تو وہ نماز تہجد بجالاتا ہے۔

امیرالمومنینؑ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: یارسولؐ اللہ! آپ کی امت میں اتنی طاقت کس میں ہے؟

رسول خداؐ نے ارشاد فرمایا:

کیا آپ پاک کلام کونہیں جانتے؟ میں نے عرض کی اللہ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔

رسول خداؐ نے فرمایا: پاک کلام یہ ہے۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر۔ [1]

---

[1] (بقیہ-103-اصل کتاب)

امالی طوسی-450-مجلس-16-حدیث-1024

Presented by Ziaraat.Com

## علیؑ کے حق میں وحی

عبداللہ بن اسعد بن زراہ کا بیان ہے کہ رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا: شب معراج میرے رب نے مجھے علیؑ کے بارے میں تین چیزوں کی وحی فرمائی۔

(۱) بیشک وہ امام المتقین ہیں۔

(۲) مومنین کے سردار ہیں۔

(۳) سفید پیشانیوں والوں کے قائد ہیں۔[۲]

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ رسول خداؐ نے ارشاد فرمایا: جب مجھے آسمانوں کی طرف سیر کرائی گئی تو میرے رب نے مجھ سے علیؑ کے بارے میں تین کلمات کا عہد کیا فرمایا: یا محمدؐ!

میں نے کہا: لبیک! میرے رب!

فرمایا: (۱)۔ بیشک علیؑ امام المتقین ہیں۔ (۲)۔ سفید پیشانی والوں کے قائد۔ (۳) یعسوب المومنین ہیں۔[۳]

## چھٹے آسمان پر نماز پڑھانا

اصبغ بن نباتہ نے محمد بن حنفیہ سے روایت کی ہے کہ جب ان کے سامنے اذان کے متعلق تذکرہ کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج کے موقع پر آسمان کی جانب سفر میں تھے اور چھٹے آسمان کے قریب پہنچے والے تھے اس وقت

---

[۲] الخصال باب الثلاثہ۔ حدیث۔94 صفحہ۔116

[۳] امالی صدوق مجلس 89۔ حدیث۔9 صفحہ۔491

Presented by Ziaraat.Com

اللہ اکبر، اللہ اکبر۔

جب انہوں نے کہا:

اشھد ان لا الہ الا اللہ۔

تو فرشتوں نے بھی گواہی دی، جب انہوں نے کہا:

اشھد ان محمد رسول اللہ

تو فرشتوں نے بھی گواہی دی۔

جبرئیلؑ نے کہا:

حی علی الصلوۃ

تو فرشتوں نے بھی یہ جملے کہے۔اور جب جبرئیلؑ نے کہا:

حی علی الفلاح۔

تو فرشتوں نے کہا: فلاح پا گیا وہ جس نے آپ کی پیروی کی۔ [1]

## تمام اہل ایمان سے علیؑ کا ایمان وزنی

انس بن مالک بیان کرتے ہیں کہ رسول خداؐ نے ارشاد فرمایا: شب معراج میں نے ایسی چیز دیکھی جس کی اصل سفید چاندی کی تھی اس کا درمیانی حصہ یاقوت کا تھا اور اس کی اوپر والی جگہ سرخ سونے کی تھی۔

میں نے کہا: اے جبرئیلؑ یہ کیا ہے؟

انہوں نے کہا: یہ آپ کا دین ہے جو سفید اور واضح ہے۔

---

[1] معانی الاخبار۔صفحہ۔378۔تفسیر عیاشی جلد۔2۔حدیث۔9۔صفحہ۔301

Presented by Ziaraat.Com

دوسرے یا اس سے بھی زیادہ قریب۔ [1]

## نمازوں کا بیان

ابوالحسن ازدی سے روایت ہے ان کا بیان ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے نمازوں میں تخفیف کی تو پانچ نمازیں ہوگئیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی طرف وحی نازل کی: اے محمدؐ پچاس نمازوں کے بدلے پانچ نمازیں ہیں۔ [2]

## اللہ تعالیٰ مکان سے بے نیاز ہے

بسند ہائے صحیح روایت ہے کہ یونس نے جناب امام موسیٰؑ کاظم علیہ السلام سے دریافت کیا کہ خداوندِ عالم کس سبب سے اپنے پیغمبرؐ کو آسمان پر اور وہاں سے سدرۃ المنتہیٰ تک لے گیا پھر وہاں سے حجابہائے نور تک لے گیا اور ان سے راز کی باتیں کیں اور ان سے خطابات کئے حالانکہ خدا کے لیے کوئی مکان ومقام مخصوص نہیں ہے؟۔

حضرتؑ نے فرمایا: بیشک خدا کے لیے مکان اور کوئی جگہ مخصوص نہیں۔ اس کے لیے تمام جگہ یکساں ہے۔ اور اس پر زمانہ جاری نہیں ہوتا لیکن خدا نے چاہا کہ ملائکہ اور آسمان کے ساکنین کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشاہدہ جمال سے مشرف اور معزز فرمائے اور آنحضرتؐ کو اپنے چند عظیم عجائبات دکھائے تاکہ آنحضرتؐ

---

[1] علل الشرائع جلد 1 باب 112 حدیث 1 صفحہ۔159

[2] الخصال باب الخمسہ۔حدیث۔7۔270

Presented by Ziaraat.Com

امامؑ نے فرمایا اے فرزند! آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہتے تھے کہ تخفیف امت کے لیے ہو جائے اور ان کا ثواب بھی کم نہ ہو بلکہ پچاس نمازوں کا ثواب باقی رہے اگر پانچ نمازوں سے بھی کم واجب ہوتیں تو پچاس نمازوں کا ثواب نہ ملتا۔ اس لیے کہ خدا فرماتا ہے۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ [1]

جو شخص ایک نیکی عمل میں لائے تو اس کے لئے اس کا دس گناہ اجر ہے۔

لہٰذا جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زمین پر تشریف لائے تو جبرئیلؑ نازل ہوئے اور کہا یا حضرتؐ خلاق عالم آپ کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ یہ پانچ نمازیں پچاس نمازوں کے برابر ہیں۔ میرے قول میں تغیر نہیں ہوتا ہے اور نہ میں اپنے بندوں پر ظلم کرتا ہوں۔

جناب زید بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے بابا سے کہا کہ اے بابا جان کیا اللہ تعالیٰ نے اس کا ذکر نہیں کیا کہ اس کو کسی مکان کے ساتھ موصوف نہیں کیا جا سکتا؟

امامؑ نے ارشاد فرمایا: ہاں اللہ تعالیٰ اس سے بلند و بالا ہے۔

میں نے کہا: پھر حضرت موسیٰؑ کے اس قول کا کیا مطلب ہے جو انہوں نے سرکار دو عالمؐ سے کہا تھا کہ (اے محمدؐ) اپنے رب کی طرف واپس جائیں امامؑ نے فرمایا: اس کا معنی وہی ہے جو حضرت ابراہیمؑ کے قول کا معنی ہے کہ انہوں نے فرمایا: انی ذاھب الی ربی سیھدین۔ (صافات۔99)

---

[1] (پ ۸۔ سورۃ انعام۔ آیت ۱۶۰)

Presented by Ziaraat.Com

اور حضرت موسیٰؑ نے بھی کہا تھا۔

وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ۝ [۲]

(موسیٰؑ علیہ السلام نے) عرض کیا: وہ لوگ بھی میرے پیچھے آرہے ہیں اور میں نے (غلبۂ شوق و محبت میں) تیرے حضور پہنچنے میں جلدی کی ہے اے میرے رب! تا کہ تو راضی ہو جائے،

اللہ تعالیٰ نے بھی کہا ہے:

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۔ [۳]

پس تم اللہ کی طرف دوڑ چلو، بیشک میں اُس کی طرف سے تمہیں کھلا ڈر سنانے والا ہوں،

اس کا معنی ہے کہ اللہ کے گھر کا حج بجالاؤ۔ اے بیٹا! بیشک کعبہ اللہ کا گھر ہے جس نے بھی اس کے گھر کا حج ادا کیا اس نے اللہ کا قصد کیا اور مساجد بھی اللہ کے گھر میں سے ہیں جس نے ان کی طرف پیش قدمی کی اس نے اللہ کی طرف قدم بڑھایا اور اللہ کا قصد کیا اور نمازی جب تک نماز میں رہتا ہے اس وقت وہ اللہ کے سامنے ہوتا ہے۔ اہل عرفات بھی اللہ کے سامنے کھڑے ہوتے ہیں۔ [۴]

---

[۲] (طہ۔84)

[۳] (ذاریات۔50)

[۴] توحید۔ صفحہ 176۔ امالی صدوق مجلس 76۔ حدیث۔6 صفحہ۔371

علل الشرائع جلد 1۔ باب۔113 حدیث۔ صفحہ۔160

Presented by Ziaraat.Com

خدمت میں حاضر تھے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا اے عمر بن اذینہ یہ ناصبی لوگ اپنی اذان ونماز کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر قربان ہو جاؤں یہ لوگ کہتے ہیں کہ ابی بن کعب انصاری نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا تھا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کہ خدا کی قسم! یہ لوگ جھوٹ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ بلند وبالا ہے اس بات سے کہ کوئی شخص اس کو خواب میں دیکھے۔ اس کے بعد امامؑ جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: سنو! خدائے عزیز وجبار اپنے نبیؐ کو سات آسمانوں کی بلندیوں کی طرف لے گیا پہلے آسمانوں میں ان پر اپنی برکتیں نازل کیں، دوسرے آسمان میں ان کو ان کے فرائض کی تعلیم دی (اور جب انہیں ہیں معراج پر بلانے کا ارادہ کیا تو) خدا نے عزیز وجبار نے نور کی ایک محمل نازل فرمائی جس میں نور کے اقسام میں سے چالیس (۴۰) قسم کے ایسے نور تھے جو عرش کے اطراف حلقہ کئے ہوئے تھے اور جنہیں دیکھنے والوں کی آنکھیں خیرہ ہو جاتی تھی۔ ان میں سے ایک نور زرد تھا اور زرد رنگ میں جو یہ زردی ہے اسی کی وجہ سے ہے۔ ایک سرخ نور تھا اور سرخ رنگ میں یہ سرخی اسی کی وجہ سے ہے۔ ایک نور سفید تھا اور سفید رنگ میں یہ سفیدی اسی کی وجہ سے ہے۔ باقی اور بھی قسم کے انوار تھے جو اللہ نے پیدا کئے ہیں اس محمل میں چاندی کے قلابے اور زنجیریں پڑی ہوئی تھیں چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس میں بیٹھے اور آسمان کی طرف بلند ہوئے۔ ملائکہ نے آتے ہوئے دیکھا تو آسمان کے اطراف بھاگے اور سجدے میں گر پڑے اور بولے:

سبوح قدوس ربنا ورب الملائكة والروح

یہ نور ہمارے رب کے نور سے کس قدر مشابہ ہے تو جبرئیلؑ علیہ السلام نے کہا۔

Presented by Ziaraat.Com

اللہ اکبر اللہ اکبر۔ یہ سن کر ملائکہ ٹھہر گئے۔

آسمان کے دروازے کھول دیے اور تمام ملائکہ جمع ہو گئے اور گروہ در گروہ آ کر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کیا اور پوچھا: کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی کیسے ہیں؟۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بخیر ہیں۔

ملائکہ نے کہا اچھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس جائیں تو انہیں ہمارا سلام کہہ دیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ ان کو جانتے ہو؟

ملائکہ نے کہا: ہم لوگ ان کو کیوں نہیں جانیں گے اللہ تعالیٰ نے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق اوران کے متعلق ہم لوگوں سے عہد و پیان لیا ہے۔

اور ہم لوگ مسلسل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اوران پر درود بھیجتے رہتے ہیں۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس محمل میں چالیس (۴۰) اقسام کے نور کا مزید اضافہ فرمادیا جو پہلے چالیس (۴۰) قسم کے نوروں میں سے کسی ایک سے بھی مشابہہ نہ تھے۔

اس محمل میں کچھ قلابوں اور زنجیروں کا بھی اضافہ کر دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے ذریعہ دوسرے آسمان کی طرف بلند ہوئے اور جب دوسرے آسمان کے دروازے کے قریب پہنچے تو وہاں کے فرشتے بھاگ کر آسمان کے اطراف میں چلے گئے اور سجدے میں گر پڑے اور کہنے لگے۔

سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح۔

یہ نور ہمارے رب کے نور سے کس قدر مشابہ ہے پس جبرئیل علیہ السلام کہا:

Presented by Ziaraat.Com

اشھد ان الا الہ اللہ۔ اشھد ان لا الہ الا اللہ۔

یہ سن کر ملائکہ پھر سے مجتمع ہو گئے اور آسمان کے دروازے کھول دیتے اور بولے۔ اے جبرئیلؑ علیہ السلام تمہارے ساتھ یہ کون ہیں انہوں نے جواب دیا یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

ملائکہ نے پوچھا کیا یہ مبعوث ہو گئے۔ انہوں نے کہا ہاں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیان کرتے ہیں کہ پھر وہ لوگ میرے پاس آئے مجھے سلام کیا اور کہا اپنے بھائی کو ہم لوگوں کا سلام کہیے گا۔ تو میں نے پوچھا کیا تم لوگ ان کو جانتے ہو؟ ان لوگوں نے کہا ہاں ہم لوگ ان کو کیونکر نہ جانیں گے اللہ نے ہم لوگوں سے عہد و پیمان لیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق اور ان کے متعلق اور ان کے شیعوں کے متعلق جو قیامت تک پیدا ہوتے رہیں گے اور ہم لوگ ان کے شیعوں کے چہرے کو دن میں پانچ مرتبہ دیکھتے رہتے ہیں، یعنی نماز کے اوقات میں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا پھر اللہ تعالیٰ نے میرے لیے چالیس (۴۰) قسم کے مزید انوار کا اضافہ کر دیا جو سابقہ انوار میں سے کسی نور سے مشابہ نہ تھے اور محمل میں کچھ قلابے اور زنجیریں بڑھا دیں پھر مجھے تیسرے آسمان کی طرف لے گیا۔ مجھے آتا دیکھ کر ملائکہ بھاگ کر آسمان کے اطراف میں چلے گئے اور سجدے میں گر پڑے اور کہنے لگے۔

سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح۔

یہ کیسا نور ہے جو ہمارے رب کے نور سے بالکل مشابہ ہے یہ سن کر حضرت جبرئیلؑ علیہ السلام نے کہا:

Presented by Ziaraat.Com

اشھد محمد رسول اللہ۔ اشھد ان محمد رسول اللہ۔

یہ سن کر تمام ملائکہ مجتمع ہو گئے اور آسمان کے دروازے کھول دیئے اور کہنے لگے اول خوش آمدید و آخر خوش آمدید و حاشر خوش آمدید و ناشر خوش آمدید محمد خاتم النبیین ہیں اور علیؑ علیہ السلام تمام اوصیاء میں سب سے بہتر ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان کیا پھر ان سب نے مجھے سلام کیا اور پوچھا کہ علیؑ علیہ السلام کہاں ہیں؟

میں نے کہا: وہ زمین پر میرے خلیفہ (نائب) ہیں کیا تم لوگ ان کو جانتے ہو؟

ان لوگوں نے کہا: ہاں ہم لوگ ان کو کیسے نہ جانیں گے ہم لوگ بیت المعمور سال میں ایک مرتبہ حج کے لئے جاتے ہیں اس پر ایک کتبہ سفید قرطاس پر آویزاں ہے جس میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام اور دیگر ائمہ علیہم السلام اور ان کے شیعہ جو تا قیامت ہوتے رہیں گے کہ نام تحریر ہیں اور ہم لوگ برکت کے لیے ان ناموں پر ہاتھ پھیرتے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ نے میرے لئے چالیس (۴۰) اقسام کے انوار مزید بڑھائے جو سابقہ انوار میں سے کسی نور کے مشابہ نہ تھے اور محمل میں قلابے اور زنجیریں بڑھا دیں اور مجھے چوتھے آسمان کی طرف لے گیا۔ وہاں کے ملائکہ کچھ نہ بولے مگر میں نے ایسی آوازیں سنیں جیسے لوگ دل ہی دل میں گنگنا رہے ہوں۔ پھر تمام ملائکہ آ گئے اور آسمان کے دروازے کھول دیئے میرے پاس آئے۔ اس وقت جبرئیلؑ علیہ السلام نے کہا:

Presented by Ziaraat.Com

حی علی الصلوۃ حی علی الصلوۃ حی علی الفلاح حی علی الفلاح۔

تو ملائکہ نے کہا دونوں آوازیں قریب قریب ہیں۔ (اس کا مطلب یہ ہے کہ) محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے صلوۃ قائم ہوگی اور علیؑ علیہ السلام کے ذریعے دنیا میں فلاح قائم ہوگی۔ پھر جبرئیلؑ علیہ السلام نے کہا:

قد قامت الصلاۃ قد قامت الصلاۃ

تو ملائکہ نے کہا یہ نماز ان کے شیعوں کے لیے ہے جو قیامت تک اس کو قائم کرتے رہیں گے۔

اس کے بعد ملائکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جمع ہوئے اور دریافت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے بھائی کو کہاں چھوڑا اور وہ کیسے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم لوگ انہیں جانتے ہو۔ انہوں نے جواب دیا ہاں ہم لوگ انہیں بلکہ ان کے شیعوں کو بھی جانتے ہیں۔ اس وقت سے کہ جب وہ عرش کے گرد نور کی شکل میں تھے اور بیت المعمور میں نور کا ایک ورق ہے جس میں نور کی ایک تحریر ہے جس میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام اور ان کے شیعوں کے نام درج ہیں نہ میں ایک زائد ہوگا اور نہ اس میں ایک کم ہوگا۔

ہم لوگوں کا عہد نامہ ہے جو ہم لوگوں سے لیا گیا ہے اور یہ ہر جمعہ ہم لوگوں کو پڑھ کر سنایا جاتا ہے یہ سن کر میں نے اللہ کا شکر کا سجدہ کیا تو ارشاد باری ہوا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا سر اٹھاؤ۔

میں نے اپنا سر اٹھا کر دیکھا تو آسمان کی طنابیں کھنچ گئیں اور درمیان سے

Presented by Ziaraat.Com

سارے پردے اُٹھ گئے۔ پھر فرمایا اپنا سر جھکا کر دیکھو۔ اب جو میں نے سر جھکا کر دیکھا تو تمہارا یہ خانہ کعبہ اس بیت المعمور کے بالکل ایسا سیدھ پر تھا کہ اگر میں اپنے ہاتھ سے کوئی چیز بیت المعمور سے گراتا تو وہ سیدھی اس خانہ کعبہ پر آ کر گرتی۔ تو ارشاد ہوا (اے محمد ﷺ) یہ حرام ہے اور وہ بیت الحرام ہے ہر ایک شئے کی ایک مثال ہوتی ہے۔

پھر مجھ سے میرے رب نے کہا (اے محمد ﷺ) اپنا ہاتھ بڑھاؤ تمہیں وہ پانی ملے گا جو ساق عرش کے داہنی جانب سے بہہ رہا ہے۔ چنانچہ وہ پانی نازل ہوا تو میں نے اسے اپنے داہنے ہاتھ میں لیا اور اسی بنا پر وضو کی ابتداء داہنے ہاتھ سے ہے۔

پھر فرمایا اے محمد ﷺ یہ پانی لو اور اس سے اپنا منہ دھولو۔ اس لئے کہ تم ہماری عظمت کے دیکھنے کے خواہشمند ہو تو تمہیں پاک ہونا چاہیے پھر اپنے دونوں داہنے اور بائیں ہاتھ کہنیوں سے دھولو۔ اس لئے کہ تم اپنے ان ہی دونوں ہاتھوں سے میرے کلام کو لو گے۔ پھر تمہارے ہاتھ میں جو فاضل پانی ہے اس سے اپنے سر اور اپنے دونوں پاؤں پر کعبین تک مسح کرو میں چاہتا ہوں کہ تم اپنے سر پر مسح کرو اور میں تم پر برکتیں نازل کروں اور پاؤں کا مسح تو میں چاہتا ہوں کہ تم ایسے مقام پر قدم رکھو کہ جہاں تم سے پہلے کوئی قدم نہ رکھ سکا اور نہ تمہارے سوا کوئی قدم رکھ سکے گا۔ تو یہ ہے وضو اور راز ان کی علت اور سبب۔

اس کے بعد ارشاد ہوا کہ اے محمد ﷺ اب حجر سود کی طرف رخ کرو اور جتنے میرے حجاب ہیں اتنی مرتبہ تکبیر کہو۔ اس لئے تکبیریں سات ہو گئیں کیونکہ حجاب سات ہیں اور ان سات تکبیروں کے بعد قراءت کا افتتاح کرو اس لئے افتتاح بھی سنت قرار پائی۔ اور جب آپ ﷺ تکبیر و افتتاح سے فارغ ہوئے تو

Presented by Ziaraat.Com

ارشاد ہوا اب تم مجھ تک پہنچ گئے ہو۔ اب میرا نام لو تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اور اسی بنا پر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کو سورے کی ابتداء میں قرار دیا گیا۔ پھر ارشاد ہوا کہ اچھا اب میری حمد کرو۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زبان سے کہا:

الحمد للہ رب العالمین۔

اور دل میں کہا شکراً تو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوا۔ تم نے میری حمد کا سلسلہ قطع کر دیا اب پھر میرا نام لو۔ اس لئے سورہ حمد میں دو مرتبہ الرحمن الرحیم ہے۔ اور جب پوری سورۃ پڑھتے ہو والا الضالین تک پہنچے تو پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا الحمد للہ رب العالمین۔ شکراً اور ادھر خدائے عزیز وجبار نے فرمایا تم نے میرے ذکر کو قطع کر دیا اور پھر میرا نام لو تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اسی بناء پر اللہ تعالیٰ نے سورہ حمد کے بعد دوسرے سورہ کے قبل بسم اللہ الرحمن الرحیم کو قرار دیا اس کے بعد ارشاد ہوا کہ اب تم قل ھو اللہ احد کے سورے کی قراءت کرو جیسا کہ میں نے تم پر نازل کر دیا ہے اس لئے کہ یہ میری نعت ہے اس کو مجھ سے نسبت ہے پھر اپنے دونوں ہاتھ جھکاؤ اور اپنے دونوں گھٹنوں پر رکھو اور میرے عرش کی طرف دیکھو۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میں نے نظر اُٹھائی تو وہ عظمت دیکھی کہ میرے ہوش گم ہو گئے اور غشی طاری ہو گئی مگر مجھ پر الہام ہوا اور میں نے اس عظمت کو دیکھ کر کہا:

Presented by Ziaraat.Com

سبحان ربی العظیم وبحمدہ

جب میں نے یہ کہا تو غشی سے افاقہ ہوا اور میں نے یہ الہام کے بموجب کہا اور اب میرے گئے ہوئے ہوش وحواس واپس آ گئے اسی بنا پر رکوع میں سات بار سبحان ربی العظیم وبحمدہ کہنا قرار پایا۔ اس کے بعد ارشاد الٰہی ہوا اب اپنا سر اٹھاؤ میں نے سر اٹھایا تو ایک ایسی شئے دیکھی کہ جس سے میری عقل گم ہوگئی اور میں فوراً منہ اور ہاتھ کے بل زمین پر گر گیا اور پھر مجھے الہام کیا گیا تو میں نے وہ علو اور بلندی جو دیکھی تھی اس کی بنا پر کہا:

سبحان ربی الاعلیٰ وبحمدہ

اسے میں سات (۷) بار کہا پس جان میں جان آئی۔ اسے جب بھی ایک مرتبہ کہتا تو غشی دور ہوتی اور اب میں اُٹھ کر بیٹھ گیا لہٰذا سجدے میں سبحان ربی الاعلیٰ وبحمدہ کا کہنا قرار پایا اور دو سجدوں کے درمیان قعود غشی سے استراحت بموجب الہام قرار پایا۔ اب میرا جی چاہا کہ میں اپنا سر اٹھاؤں میں نے سر اٹھایا تو وہی علو اور بلندی پھر نظر آئی تو پھر مجھ پر غشی طاری ہوگئی۔ اپنے منہ اور ہاتھ کے بل زمین پر گر پڑا اور میں نے کہا سبحان ربی الاعلیٰ وبحمدہ یہ میں نے سات مرتبہ کہا پھر اٹھایا اور کھڑے ہونے سے پہلے بیٹھ گیا تاکہ اس علو اور بلندی کو دوبارہ دیکھوں اس طرح دو سجدے اور ایک رکوع ہو گیا اور اسی بنا پر قیام سے پہلے قعود یعنی خفیف سی نشست معین ہوگئی۔ پھر میں کھڑا ہوا تو ارشاد ہوا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر سورہ حمد کی قرات کرو۔ میں نے اس سورہ کی قرات کی جس طرح پہلی رکعت میں کر چکا تھا اس کے بعد ارشاد ہوا اب سورۃ انزلنا کی قرات کرو یہ تمہارے اور تمہارے اہل

Presented by Ziaraat.Com

بیتؑ کی طرف تا قیامت نسبت رکھے گی پھر رکوع کیا اور سجدے کیے۔

رکوع سجدے میں وہی کہا جو پہلی رکعت کے رکوع اور سجدے میں کہا تھا اب میں کھڑے ہونے کے لئے تیار ہوا تو ارشاد ہوا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بس اب تم ذکر کرو نعمتوں کا جو میں نے تم کو عطا کی ہیں اور میرا نام لو۔ پس اللہ تعالیٰ نے مجھ پر الہام کیا اور میں نے کہا بسم اللہ وباللہ لا الہ الا اللہ والاسما الحسنی کلھا للہ پھر ارشاد ہوا اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ اپنے اوپر اپنے اہل بیت پر درود بھیجو تو میں نے کہا صلی اللہ علیّ وعلی اھل بیتی اور اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی کیا ہے اس کے بعد میں متوجہ ہوا تو دیکھا کہ میں ملائکہ وانبیاء ومرسلین کی صفوں کے ساتھ ہوں تو ارشاد ہوا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سلام ہوں اور تحیت ورحمت وبرکت تم ہو اور تمہاری ذریت ہے پھر مجھے میرے پروردگار عزیز وجبار نے حکم دیا کہ اب بائیں طرف ملتفت نہ ہونا۔

اور پہلا سورہ جو میں نے قل ھو اللہ احد کے بعد سنا سورہ انا انزلنا تھا اور اسی بنا پر سلام ایک مرتبہ ہے رو بہ قبلہ رہ کر اور اسی بنا پر سجود میں تسبیح (یعنی سبحان اللہ) سجود و رکوع دونوں میں ہے شکر کے طور پر اور سمع اللہ لمن حمدہ اس لئے ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب میں نے ملائکہ کا شور وغور سنا تو کہا کہ جس شخص نے بھی اللہ کی تسبیح وتہلیل کی اس کو اللہ نے سنا اور اسی بنا پر ابتدائی دو رکعت میں اگر کسی محض سے کوئی حدث صادر ہو جائے تو اس کا اعادہ واجب ہے اور یہی (دو رکعت) سب سے پہلے فرض ہوئی نیز یہ دو رکعت سب سے پہلے زوال کے وقت یعنی نماز ظہر میں فرض ہوئی۔ [1]

[1] علل الشرائع جلد 2 باب 1 - حدیث 1 صفحہ - 5 - فروع کافی جلد 3 - باب 271 نوادر - ج 1 صفحہ 251

Presented by Ziaraat.Com

# انبیاءؑ اور اقرار ولایت

ابو ربیع بیان کرتے ہیں کہ نافع نے امام محمد باقرؑ سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں سوال کیا:

وسئل من ارسلنا من قبلك من رسلنا اجعلنا من دون الرحمٰن الهة يعبدون۔

وہ کون ہیں جن سے حضرت محمدؐ نے سوال کیا حالانکہ حضرت عیسیٰؑ اور آپؐ کے درمیان پانچ سو سال کا فاصلہ ہے؟

راوی کہتا ہے کہ امام نے اس آیت کی تلاوت کی:

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا ۔

اللہ نے اپنے نبی محمدؐ کو آیات دکھائیں اور پھر تمام انبیاء و مرسلین کو محشور کیا۔ جبرئیلؑ کو حکم دیا کہ اذان کہو۔ تو جبرئیلؑ نے اذان اقامت کہی۔ اس نے یہ جملے بھی کہے:

حی علی خیر العمل

پھر آپؐ نے نماز پڑھائی تو اللہ نے اس آیت کو نازل فرمایا:

وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ ۔

رسولؐ نے ان سے کہا: تم کس کی گواہی دیتے تھے اور کس کی عبادت

Presented by Ziaraat.Com

کرتے تھے؟

ان تمام نے کہا:

شهدان لا اله الا الله وحده لاشريك له وانك رسول الله۔

اسی چیز کا ہم سے عہد لیا گیا۔[1]

## شجرہ طوبیٰ

امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں کہ رسول خداؐ اکثر جناب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے بوسے لیا کرتے تھے۔ کسی نے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا شب معراج میں جنت میں داخل ہوا تو جبرئیلؑ مجھے شجرہ طوبیٰ کے قریب لے گیا۔ میں نے وہاں سے ایک پھل توڑا اور کھایا۔ اللہ نے اس میری صلب میں سرایت کر دیا۔ جب میں زمین پر آیا تو خدیجہؑ کے پاس آیا تو اللہ نے بتولؑ کی ولادت کا سامان مہیا فرمایا۔ اس لئے میں جب بھی بتولؑ کے بوسے لیتا ہوں تو مجھے شجرہ طوبیٰ کی خوشبو آتی ہے۔[2]

## فرمان خدا کی تفسیر

معتبر سند کے ساتھ روایت ہے کہ حبیب بجستانی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقرؑ سے اس آیت کی تفسیر دریافت کی:

[1] تفسیر قمی جلد 2-258

[2] تفسیر قمی جلد 1-366

Presented by Ziaraat.Com

2۔ مجھے اس نے نبی بنایا ہے اور علیؑ کو میرا وصی قرار دیا ہے۔

3۔ مجھے کوثر عطا فرمایا ہے اور علیؑ کو سلسبیل عطا فرمائی ہے۔

4۔ مجھے وحی عطا فرمائی ہے اور علیؑ کو الہام عطا فرمایا ہے۔

5۔ مجھے معراج عطا فرمائی ہے اور اسی رات علیؑ کے لے آسمانوں کے تمام دروازے کھول دیے گئے اور پردے اُٹھا دیئے گئے یہاں تک کہ میں اس کو دیکھ رہا تھا اور وہ مجھے دیکھ رہے تھے۔

ابن عباس فرماتے ہیں: اس کے بعد رسولؐ خدا نے گریہ فرمایا۔ میں نے آپؐ کی خدمت اقدس میں عرض کیا: یارسول اللہؐ! آپ نے گریہ کیوں کیا؟ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں؟

آپ نے فرمایا: اے ابن عباسؓ معراج کی رات اللہ تعالیٰ نے جو سب سے پہلی بات مجھ سے فرمائی وہ یہ تھی: اے محمدؐ! اپنے نیچے زمین کی طرف دیکھو۔ میں نے دیکھا کہ تمام پردے اُٹھا دیے گئے ہیں اور تمام دروازے آسمان کے کھول دیے گئے ہیں اور میں نے علیؑ علیہ السلام کی طرف دیکھا کہ وہ اس حالت میں ہیں کہ اپنا سر اُٹھا کر مجھے دیکھ رہے ہیں۔ میں نے ان سے گفتگو کی اور انہوں نے میرے ساتھ نیز میرے ساتھ میرے اللہ نے گفتگو کی۔

میں نے عرض کیا: (یعنی ابن عباسؓ عرض کرتے ہیں:) یارسول اللہؐ وہ کون سی کلام تھی جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ سے فرمائی۔

آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا کہ اے محمدؐ! میں نے علیؑ کو آپ کا وصی وزیر اور آپ کے بعد آپ کا خلیفہ قرار دیا ہے۔ آپؐ اس کی اطلاع علیؑ کو کر دیں۔ آگاہ رہو کہ وہ آپؐ کی گفتگو کو سن رہا ہے۔ میں نے اس کے بارے میں

Presented by Ziaraat.Com

اللہ کی بارگاہ ہی میں علیؑ کو اطلاع کر دی۔

علیؑ نے مجھ سے کہا: میں نے اس حکم کو قبول کر لیا ہے۔ میں آپ کی اطاعت کروں گا۔

اس کے فوراً بعد اللہ تعالیٰ نے تمام ملائکہ کو حکم دیا کہ وہ علیؑ کو سلام کریں۔ تمام ملائکہ نے آپؑ کو سلام کیا اور علیؑ نے ان تمام کے سلام کا جواب دیا اور میں نے دیکھا کہ تمام ملائکہ ایک دوسرے کو مبارک باد دے رہے ہیں اور جو فرشتہ بھی میرے قریب سے گزرتا وہ مجھے بھی اس کی مبارک دیتا اور یوں کہتا: اے محمدؐ! قسم ہے اس ذات کی، جس نے آپؐ کو برحق مبعوث فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو چچازاد کو آپؐ کا خلیفہ قرار دے کر تمام ملائکہ کو خوش کر دیا ہے۔

میں نے دیکھا کہ تمام حاملان عرش بھی اپنے اپنے سر نیچے زمین کی طرف جھکائے کھڑے ہیں۔

میں نے سوال کیا: اے جبرئیلؑ! یہ حاملان عرش کیوں اپنے سر جھکائے کھڑے ہوئے ہیں؟

جبرئیلؑ نے عرض کیا: اے محمدؐ! تمام ملائکہ اس وقت علیؑ ابن ابی طالبؑ کی زیارت کر رہے ہیں اور اس پر ایک دوسرے کو بشارت دے رہے ہیں سوائے حاملان عرش کے۔ انہوں نے بھی اللہ تعالیٰ سے علیؑ کی زیارت کی اجازت طلب کی ہے اور اللہ نے ان کو بھی زیارت علیؑ کی اجازت عطا فرما دی ہے اور وہ بھی علیؑ ابن ابی طالبؑ کی زیارت کر رہے ہیں۔

آپؐ نے فرمایا: میں زمین پر واپس آیا اور میں نے چاہا کہ اس کے بارے میں علیؑ کو خبر دوں تو علیؑ نے ان سارے واقعات کی مجھے خبر دے دی۔ میں

Presented by Ziaraat.Com

اس سے جان گیا کہ میں کسی مقام پر بھی نہیں گیا مگر یہ کہ علیؑ کے لیے اس مقام کے پردے اُٹھا دیئے گئے یہاں تک کہ انہوں نے ہر مقام پر مجھے دیکھا۔

ابن عباسؓ فرماتے ہیں: میں نے رسول خداؐ کی خدمت اقدس میں عرض کیا: یارسول اللہؐ! آپ مجھے وصیت ونصیحت فرمائیں۔

آپؐ نے فرمایا: علیؑ ابن ابی طالبؑ کی مودت ومحبت کو اپنے اوپر لازم قرار دو۔ مجھے قسم ہے اس ذات کی، جس نے مجھے برحق نبی بنا کر مبعوث فرمایا ہے اللہ تعالیٰ کسی بندے کی کوئی نیکی قبول نہیں کرے گا یہاں تک کہ وہ علیؑ ابن ابی طالبؑ کی محبت کے بارے میں اس بندے سے سوال کرے گا حالانکہ اللہ تعالیٰ بغیر سوال کے بھی جاننے والا ہے۔ اگر وہ بندہ علیؑ کی ولایت کو اپنے پاس رکھتا ہوگا تو اس کے سارے اعمال قبول کرے گا اور اگر اس کے پاس علیؑ کی محبت وولایت نہ ہوئی تو اللہ تعالیٰ اس سے کسی چیز کے بارے میں سوال نہیں کرے گا اور فوراً اس کو جہنم کی آگ کا حکم سنا دے گا۔

اے ابن عباسؓ مجھے قسم ہے اس ذات کی، جس نے مجھے برحق نبی بنا کر مبعوث فرمایا ہے جہنم کی آگ دشمن علیؑ پر اس بندے سے بھی زیادہ سخت ہوگی جو اپنے گمان میں اللہ کا بیٹا قرار دیتا ہے (یعنی جہنم دشمن علیؑ کے لیے کافر ومشرک سے زیادہ سخت ہوگی)۔

اے ابن عباسؓ اگر تمام ملائکہ مقرب اور انبیا ومرسلین علیؑ کے بغض پر جمع ہو جائیں (اگرچہ ایسا ہوگا نہیں) تو اللہ تمام کو جہنم کی آگ میں ڈال دے گا۔

ابن عباسؓ کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہؐ! کیا کوئی علیؑ کا دشمن ہوگا؟

Presented by Ziaraat.Com

آپؐ نے فرمایا: ہاں! اے ابن عباسؓ علیؑ سے ایک قوم دشمنی رکھے گی اور وہ اپنے آپ کو میرے امتی (بھی) قرار دیں گے حالانکہ ان کے لئے اسلام میں کوئی حصہ نہیں ہوگا۔

اے ابن عباسؓ! ان کے بغض کی علامت یہ ہوگی کہ پست ترین لوگوں کو علیؑ پر فضیلت دیں گے اور علیؑ سے افضل قرار دیں گے اور مجھے قسم ہے اس ذات کی، جس نے مجھے برحق نبی بنا کر مبعوث فرمایا ہے، کوئی نبی اللہ نے مبعوث نہیں فرمایا جو مجھ سے افضل ہو، اور کوئی وصی ایسا نہیں ہے جو علیؑ ابن ابی طالبؑ سے افضل ہو۔

ابن عباس فرماتے ہیں: جیسے مجھے رسول خداؐ نے حکم دیا تھا میں ہمیشہ ایسے ہی رہا۔ آپؐ نے مجھے علیؑ کی مودت ومحبت کی وصیت فرمائی تو میں اس پر باقی رہا اور میرا ہر عمل میرے نزدیک سب سے عظیم تھا۔

ابن عباسؓ فرماتے ہیں: پھر زمانہ گزرتا رہا اور نبی اکرمؐ کی وفات کا وقت قریب سے قریب تر آگیا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوجائیں، آپؐ کی وفات کا وقت قریب تر آگیا ہے آپؐ مجھے کیا حکم صادر فرماتے ہیں۔

آپؐ نے فرمایا:

ابن عباسؓ! جو علیؑ کی مخالفت کرے اس کی تم بھی مخالفت کرو۔ کبھی دشمن علیؑ کے لیے مددگار نہ بننا اور ان کے دوست بھی مت بننا۔

میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! پھر آپ لوگوں کو کیوں نہیں حکم دیتے کہ وہ علیؑ کی مخالفت نہ کریں؟

Presented by Ziaraat.Com

ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں پس رسول خداؐ نے رونا شروع کر دیا یہاں تک کہ آپؐ گریہ کرتے کرتے بے ہوش ہو گئے اور جب ہوش آیا تو پھر فرمایا: اے ابن عباسؓ! میرے رب کا علم ان لوگوں پر جاری ہو چکا ہے (یعنی یہ حتماً مخالفت کریں گے)۔

مجھے قسم ہے اس ذات کی، جس نے مجھے برحق نبی بنا کر مبعوث فرمایا ہے۔اس کے مخالفین میں سے کوئی بھی اس دنیا سے نہیں جائے گا کہ جو اس کے حق کا انکار کرے گا مگر یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کی ہیت کو تبدیل کر دے (یعنی اس کی شکل کو تبدیل کر دے گا)۔

اے ابن عباسؓ! اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ سے تمہاری ملاقات اس حال میں ہو کہ وہ تم سے راضی ہو تو پھر علیؑ ابن ابی طالبؑ کے راستہ چلو اور جس طرف علیؑ میلان رکھتے ہیں اس طرح تم بھی میلان رکھو اور اس کی امامت پر راضی رہو جو اس سے دشمنی کرے اسے تم بھی دشمن رکھو اور جو اس سے محبت کرے اس سے تم بھی محبت کرو۔

اے ابن عباسؓ خبردار! علیؑ کے بارے میں شک نہ کرنا، کیونکہ علیؑ کے بارے میں شک کرنا اللہ تعالیٰ کے بارے میں کفر کرنا ہے (یعنی علیؑ کے بارے میں شک کرنا اللہ تعالیٰ (کے انعام) کا کفر ونکار کرنا ہے)۔ [1]

---

[1] امالی طوسی مجلس نمبر 4۔حدیث۔161-105

Presented by Ziaraat.Com

# علیؑ اوّل علیؑ آخر

ابن سنان نے امام ابوعبداللہ جعفر الصادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: اللہ نے مجھ سے معراج کی رات پردے کے پیچھے سے کلام کیا اس میں سے ہے ''اے محمد علیؑ اول اور علیؑ آخر ہے اور علیؑ ظاہر اور علیؑ ہی باطن ہے) اور وہ ہر شے کو جاننے والا ہے تو آپؐ نے فرمایا اے رب وہ تو نہیں ہے؟ فرمایا: اے محمدؐ! میں اللہ ہوں کہ جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں میں ظاہر اور غیب کو جاننے والا رحمن ورحیم ہوں اور میں اللہ ہوں کے جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں میں باددشاہ سلامتی والا مومن، رعب والا، غالب، بار، متکبر ہوں اور جب لوگ اللہ سے شرک کرتے ہیں اللہ اس سے پاک ہے میں اللہ ہوں کے جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں خالق بنانے والا اور معبود ہوں اور میرے اچھے اچھے نام ہیں۔ زمین وآسمان میں جو بھی ہیں میری تسبیح بیان کرتے ہیں اور میں غالب حکمت والا ہوں۔ اے محمدؐ میں اللہ ہوں کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور مجھ سے پہلے کچھ نہ تھا اور میں آخر ہوں اور میرے بعد کوئی شے نہیں میں ظاہر ہوں مجھ سے اوپر کچھ نہیں میں باطن ہوں کہ مجھ سے کچھ بھی نہیں اور میں (اللہ) کہ سوا کوئی معبود نہیں اور میں ہر شے کا جاننے والا ہوں۔ اے محمدؐ! علیؑ اول ہے کہ آئمہ میں سے سب سے پہلے نبی کا وعدہ لیا ہے۔ اے محمدؐ! علیؑ آخر ہے کہ سب اماموں میں سے آخر میں ان کی روح قبض کروں گا اے محمدؐ! علیؑ ظاہر ہے کہ جو بھی آپ پر وحی کی سب پر ظاہر کیا تمہارے لیے یہ نہیں کہ تم اس سے کچھ بھی چھپاؤ۔ اے محمد! علیؑ باطن ہے کہ میں نے اپنا راز جو تیرے سپرد کیا جبکہ علیؑ میرے تمام رازوں کا امین ہے اور جو میں نے حلال وحرام پیدا کیا ہے علیؑ اسے

Presented by Ziaraat.Com

جانتے ہیں۔ [1]

## افضل مساجد

امام جعفر صادقؑ سے کسی نے پوچھا کہ مساجد میں افضل مسجد کون سی ہے۔

امامؑ نے فرمایا: مسجد حرام اور مسجد نبوی۔

پوچھا میں آپؑ پر فدا ہو جاؤں مسجد اقصیٰ؟

فرمایا: وہ آسمان میں جس کی طرف نبیؐ کو معراج ہوئی عرض کی: لوگ کہتے ہیں کہ وہ تو بیت المقدس میں ہے۔

فرمایا: مسجد کوفہ اس سے افضل ہے۔ [2]

## اللہ کی صلاۃ

ابو بصیر بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادقؑ سے سنا امامؑ نے فرمایا: جب رسول خداؐ کو معراج ہوئی تو ایک ایسے مقام پر پہنچے کہ جہاں جبرئیلؑ نے کہا آپؐ یہاں رک جائیں کیونکہ آپ کا رب صلاۃ انجام دے رہا ہے۔

پوچھا: میں آپ پر فدا ہو جاؤں۔ اللہ کی صلاۃ کیا ہے؟

فرمایا: اللہ کی صلاۃ یہ ہے کہ وہ فرماتا ہے:

سبوح قدوس رب الملائکة والروح سبقت رحمتی

[1] بصائر الدرجات ج۔10۔باب۔18۔حدیث36 صفحہ۔367

[2] تفسیر عیاشی جلد۔2 صفحہ 301، ح،11،13

Presented by Ziaraat.Com

غضبی۔ [۳]

# علیؑ کا نور اور فرشتہ

انس بن مالک سے مروی ہے کہ رسول خدا نے ارشاد فرمایا: کہ معراج کی رات جب میں آسمان پر گیا تو میں نے ایک فرشتہ دیکھا جو نور کے منبر پر جلوہ فگن تھا اور دوسرے ملائکہ اس کے سامنے بیٹھے تھے میں نے کہا: اے جبرئیلؑ یہ فرشتہ کون ہے؟

جبرئیلؑ نے کہا: آپؐ اس کے قریب جائیں اور اس کو سلام کریں پیغمبرؐ فرماتے ہیں کہ جب قریب گیا اور سلام کیا تو میں اپنے بھائی علیؑ کو پایا۔

میں نے کہا کہ اے جبرئیلؑ! مجھ سے پہلے علیؑ ابن ابی طالبؑ پہنچ چکے ہیں؟

جبرئیلؑ نے کہا: یا محمدؐ بات اصل یہ ہے کہ فرشتوں نے بارگاہ خداوندی میں محبت علیؑ کا اظہار کیا تو اللہ نے ایک فرشتہ علیؑ کے نور سے خلق فرمایا: جس کی شکل وصورت علیؑ جیسی بنائی۔ تمام فرشتے ہر شب جمعہ ستر مرتبہ اس کی زیارت کرتے ہیں اور اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اس کا ثواب علیؑ کے محبوں کے نامہ اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ [۴]

[۳] تفسیر عیاشی جلد-2-302-14

[۴] تفسیر عیاشی جلد نمبر-2-302-152

Presented by Ziaraat.Com

شیعوں کے حق میں وصیت کرتا ہوں۔ جب میں فرشتوں کے پاس پہنچا تو مجھ کو آسمان پر مبارکبادی دی گئی کہ یا رسولؐ اللہ آپ کو اپنے اور علیؑ کے بارے میں یہ کرامتیں گوارا ہوں۔

اے لوگو! علیؑ میرا بھائی ہے دنیا اور آخرت میں میرا وصی ہے اور میرے اور میرے رب کے راز پر میرا امین ہے۔ وہ میری زندگی میں اور موت کے بعد تم پر میرا وزیر اور خلیفہ ہے میرے رب نے مجھے بتایا ہے کہ وہ امام المسلمین امام المتقین، امیر المومنین ہے۔ وہ میرا اور انبیاء کا وارث ہے۔ وہ اللہ کے رسول کا وصی اور اللہ کے حکم سے وہ ان شیعوں اور اہل ولایت جو سفید پیشانیوں والے ہیں کا قائد ہے اللہ اسے قیامت والے دن مقام محمود پر قرار دے کا جس کو اولین اور آخرین دیکھ کر رشک کریں گے اس کے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور وہ میرا آگے آگے چلے گا اور اس کے پیچھے حضرت آدمؑ اور دیگر انبیاء شہداءؑ اور صالحینؑ کی اولاد جو جنتی ہوگی وہ ہوں گے، یہ اللہ کا وعدہ ہے جو پورا ہو کر رہے گا اور اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا اور میں اس کا گواہ ہوں۔ [1]

## جنتی درخت

بسند معتبر امام رضا صلوات اللہ علیہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب میں بہشت میں داخل ہوا اس میں ایک درخت دیکھا جس میں پھل کے بجائے حلے اور زیوارت تھے۔ اس کے درمیان حوریں تھیں اور اس کے نیچے ابلق گھوڑے تھے اور اس درخت کے اوپر خدا کی رضا و خوشنودی سایہ فگن تھی۔

---

[1] الیقینی امرۃ امیر المومنین صفحہ 157

Presented by Ziaraat.Com

جبریل نے کہا: جب سے اللہ نے ہمیں آدمؑ کے سامنے سجدہ کرنے کا حکم دیا ہے اس دن سے آج تک ہم کسی بھی آدمی کے آگے نہیں آئے۔ [1]

## یا علیؑ تجھے میں سات مقامات پر اپنے ساتھ پایا

بریدہ کا بیان ہے کہ میں رسول خداؐ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا اور علیؑ بھی آپؐ کے ساتھ تھے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا: یا علیؑ! کیا میں تجھے اپنے ساتھ سات مقامات پر نہیں پایا؟

یہاں تک کہ آپؐ نے چوتھے مقام کا ذکر فرمایا: جمعہ کی رات کو مجھے ملکوت السموات اور زمین کے عجائبات رکھائے گئے اور مجھے بلند کیا گیا تو میں تمام اشیاء کو دیکھا پس میں آپ ک طرف مشتاق ہوا اللہ سے دعا کی تو آپؑ کو اپنے ساتھ پایا۔ میں نے کوئی چیزہ ایسی نہیں دیکھی جہاں آپ نہ ہوں۔ [2]

## مولا علیؑ رسولؐ کے ساتھ

انس سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول خداؐ نے ارشاد فرمایا: جب مجھے آسمانوں کی طرف معراج کرائی گئی تو میں اپنے رب کے اتنا قریب ہوا کہ میرے اور میرے رب کے درمیان دو کمانوں سے بھی کم کا فاصلہ رہ گیا۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یا محمدؐ ساری کائنات میں آپؐ سب سے زیادہ کس سے محبت کرتے ہیں۔

---

[1] تفسیر عیاشی جلد 2 حدیث 5 صفحہ 300

[2] بصائر الدرجات جلد 2 باب 20 حدیث 11 صفحہ 114

Presented by Ziaraat.Com

## ایک مچھلی

بیان کیا مجھ سے محمد بن یحییٰ عطار نے روایت کرتے ہوئے محمد بن حسن صفار سے انہوں نے اس حدیث کی اسناد کو یاد نہیں رکھا ان کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب شب معراج میں آسمان کی طرف لیجایا گیا تو میرے پسینہ کا ایک قطرہ ٹپک پڑا اور اس سے گلاب کا پھول روئیدہ ہوگیا اور وہ گلاب سمندر میں گرا تو ایک طرف سے ایک مچھلی اس کو لینے کے لیے جھپٹی اور ایک طرف سے ایک دعموص (پانی کا کیڑا) جھپٹا مچھلی نے کہا یہ میرا ہے اور دعموص نے کہا یہ میرا ہے تو اللہ تعالیٰ نے ایک ملک کو بھیجا تا کہ وہ ان دونوں کے درمیان فیصلہ کردے تو اس ملک نے اس گلاب کے دو ٹکڑے کردیئے نصف مچھلی کے لیے اور نصف دعموص کے لیے۔ میرے والد نے فرمایا اسی لئے تم دیکھتے ہو کہ گلاب کی پانچ پنکھڑیاں ہوتی ہیں دو پنکھڑیوں کا پچھلا حصہ مچھلی کی مانند ہوتا ہے اور دو پنکھڑیوں کا حصہ دعموص سے مشابہہ اور ایک پنکھڑی آدھی مچھلی سے مشابہہ اور آدھی دعموص سے مشابہہ ہوتی ہے۔ [1]

## پچاس نمازوں کا ثواب

انس بیان کرتے ہیں کہ معراج کی رات آپؐ پر پچاس نمازیں فرض کی گئیں پھر کم کرتے کرتے پانچ رہ گئیں پھر ندا دی گئی کہ یا محمد! میرا قول تبدیل نہیں ہوسکتا لہٰذا آپؐ کے لیے پانچ نمازوں کا ثواب پچاس نمازوں کے برابر

---

[1] علل الشرائع جلد 2 باب 385 ج 58 صفحہ 366

Presented by Ziaraat.Com

ہے۔[۲]

## مولا علیؑ کی تائید اور نصرت

جناب علیؑ ابن ابراہیم قمی اپنی تفسیر میں چند اصحاب سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول خداؐ نے جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا سے ارشاد فرمایا: معراج کی رات میں بیت المقدس پر یہ عبادت دیکھی:[۳]

**لا اله الا الله محمد رسول الله ايدته بوزيره ونصرته بوزيره**

اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں حضرت محمدؐ اللہ کے رسول ہیں میں نے آپؐ کی تائید آپؐ کے وزیر کے ذریعہ کی اور آپؐ کی نصرت آپؐ کے وزیر کے ذریعہ کی۔

میں (رسولؐ) نے جبریلؑ سے کہا: میرا وزیر کون ہے؟

جبریلؑ نے کہا: علیؑ ابن ابی طالبؑ

پس جب ہم سدرۃ المنتہیٰ پہ پہنچے تو میں نے یہ عبارت دیکھی۔

**انی انا الله لا اله الا انا وحدی محمد صفوتی من خلقی ایدته بوزیره ونصرته بوزیره**

مجھ اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

---

[۲] علل الشرائع جلد 1 باب 113 حدیث صفحہ 161

[۳] تفسیر قمی جلد 2 صفحہ 314

Presented by Ziaraat.Com

حضرت محمدؐ میر مخلوق میں میری صفوت ہیں میں نے ان کی تائید ان کے وزیر اور نصرت ذریعے کی۔

میں (رسولؐ) جبریلؑ سے پوچھتا: میرا وزیر کون ہے؟

انہوں نے کہا: علیؑ ان ابی طالبؑ

جب ہم عرش پر پہنچے تو میں نے عرش پر یہ عبارت دیکھی۔

انا الله لا اله الا انا محمد حبیبی اید ته بوزیره ونصرته بوزیره

مجھ اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں محمدؐ میرے حبیب ہیں میں نے ان کی تائید اور نصرت ان کے وزیر کے ذریعہ کی جب میں جنت میں داخل ہوا تو شجرہ طوبیٰ جس کی جڑ علیؑ کے گھر میں ہے (آگے لکھتا ہے)

## مولا علیؑ کے لیے وصیت

امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ رسول خدا نے ارشاد فرمایا: معراج کی رات سدرۃ المنتہیٰ پر مجھے نداء دی گئی یا محمدؐ علیؑ کو اچھی وصیت فرمائیں کہ وہ سید المسلمین اور سفید پیشانی والوں کے قائد ہیں۔ [1]

## راضیۃ مرضیۃ

علامہ علیؑ ابن ابراہیم قمیؒ نے اپنی تفسیر میں روایت نقل کی ہے کہ رسول

---

[1] امالی طوسی مجلس نمبر 7 ح 328 صفحہ 193

Presented by Ziaraat.Com

خداؐ نے ارشاد فرمایا: معراج کی رات جب میں ساتویں آسمان پر پہنچا تو جبریلؑ مجھے جنت میں لے گئے وہاں میں نے ایک حور دیکھی اس نے مجھے دیکھ کر کہا:

السلام عليك يا محمد السلام عليك يا احمد السلام عليك يا رسول الله۔

میں نے کہا: وعلیکم السلام

تم کون ہو؟

اس نے کہا: میں راضیہ مرضیہ ہوں، اللہ تعالیٰ نے مجھے کہا کہ ہو جا تو میں آپؐ کے بھائی اور وصی علیؑ ابن ابی طالبؑ کی ہو گئی ہوں۔ [۳]

کیا اس صورت کو پہچانتے ہو؟

حمران سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام محمد باقرؑ سے قرآن مجید کی ان آیات کے بارے میں سوال کیا۔

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝۸ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝۹

امامؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے سرکار رسالت مآبؐ کو اپنے قریب کیا، اللہ اور آپؐ کے درمیان کوئی فاصلہ نہیں تھا سوائے ایک قفس لولو کے جس میں ایک فراش تھا جو چمک رہا تھا۔ آپؐ نے ایک صورت کو دیکھا کہا گیا: یا محمدؐ! کیا آپؐ اس صورت کو پہچانتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں یہ کو علیؑ ابن ابی طالبؑ کی صورت ہے۔

پس اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی وحی فرمائی کہ آپ علیؑ کی شادی فاطمہ سلام اللہ علیہا سے کر دیں اور علیؑ کو س اپنا وصی قرار دیں۔

---

[۳] تفسیر قمی جلد 1 صفحہ 32ء

Presented by Ziaraat.Com